09 نومبر 2018ء

مالی سال 19ء کے پہلے چار ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 7.4 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) میں 7419.98 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جبکہ گذشتہ برس اسی مدت میں 6,444.46 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

اکتوبر 2018ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 2000.47 ملین ڈالر رہی جو ستمبر 2018ء کے مقابلے میں 37.7 فیصد زائد ہے جبکہ اکتوبر 2017ء کے مقابلے میں 20.9 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک اکتوبر 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 494.53 ملین ڈالر، 412 ملین ڈالر، 308.78 ملین ڈالر، 298.80 ملین ڈالر، 198.30 ملین ڈالر، اور 57.36 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اکتوبر 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 461.07 ملین ڈالر، 333.57 ملین ڈالر، 215.64 ملین ڈالر، 270.46 ملین ڈالر، 184.76 ملین ڈالر اور 51.12 ملین ڈالر تھیں۔ اکتوبر 2018ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 230.68 ملین ڈالر رہیں جبکہ اکتوبر 2017ء میں ان ملکوں سے 137.83 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******